Passed Notice No: 112

قرارداد

جناب سپیکر! صوبہ خیبر پختونخوا قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے جس میں ہائیڈل پاور جنریشن سر فہرست ہے۔اس وقت کوہستان میں دو عدد بجلی کے ڈیمز داسو اور بھاشا زیر تعمیر ہیں۔

جناب سپیکر! ان دو عدد ڈیموں کی تعمیر پر وہاں کی عوام کا واپڈا سے شدید تنازعہ چلا آرہا تھا تاہم بعد ازاں 2022 میں مقامی لوگوں اور واپڈا کے مابین ایک Agreement سائن ہوا جس پر ابھی تک عملدرآمد نہیں ہو رہا ~~اور عملدرآمد کا منتظر ہے~~ جس کی وجہ سے کوہستان میں آئے روز مذکورہ Agreement پر عملدرآمد کے لئے احتجاج ~~اور~~ مظاہرے کئے جاتے ہیں جس کی وجہ سے وہاں پر امن وامان کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔اس صورتحال کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم نے چیئر مین واپڈا سے بار بار رابطہ کیا تاہم کچھ شنوائی نہ ہوئی۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ مرکزی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ واپڈا سائن شدہ Agreement پر عملدرآمد یقینی بنائے اور اس مقصد کے لئے وہاں کے منتخب نمائندوں پر مشتمل ایک کمیٹی بنائے جو ماہانہ بنیادوں پر پراگریس رپورٹس مرتب کرے تاکہ مقامی لوگوں کی شکایات کا آزالہ ہو سکے۔

(سجاد اللہ)

ایم پی اے پی کے-32 کوہستان

Muhammad Riaz.
PK 33 - KPK
Kohistan.

RESOLUTION

Session No. 5th

Notice No. ____

Received Time: 7:35

Received Date 17/10/2024

From Mr/Ms. سجاد اللہ MPA

Receiver Sign: ____

Muhammad Arif
PK 66

PK-109
MPA

Passed Unanimously in suspension of Rules moved by Mr. Sajjadullah, MPA
17/10/24 at 7:35PM